105407-اللہ کے ذکر سے کیا مراد ہے ؟

سوال

اللہ کے ذکر سے کیا مراد ہے، آیا ذکر کی مجالس قائم کرنا اور ڈھول بجانا اور تالیاں اور سیٹیاں بجانا ذکر ہے یا کہ سری اور جھری اللہ کا ذکر کرنا اور قرآن مجید خاموشی سے پڑھنا ذکر کہلاتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اللہ سبحانہ وتعالی کا ذکر عام ہے جو اللہ کے احکام پر عمل کرنا اور اللہ کے منع کردہ امور سے اجتناب اور تسبیح و تحمید یعنی سری اور جھری طور پر سبحان اللہ الحمد اللہ اور قرآن مجید کی تلاوت کرنا، اور اس کے علاوہ اللہ تعالی نے جو افعال اور اقوال مشروع کیے ہیں یہ سب ذکر میں شامل ہیں.

اللہ کے ذکر میں ڈھول تماشہ اور تالیاں اور سیٹیاں بجانا اور اجتماعی ذکر کرنا شامل نہیں، بلکہ یہ بدعت ہے اور ایسا کرنا جائز نہیں.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے" انتہی

اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء

الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز

الشیخ عبد الرزاق عفیفی

الشیخ عبد اللہ بن غدیان

الشیخ عبد اللہ بن قعود

واللہ اعلم.